جماعت ۔ دہم

انٹرنیٹ

سائنس نے ہمارے لئے بیشمار سہولتیں فراہم کی ہیں ۔ اگر ہم مواصلاتی نظام پر غور کریں تو خط سے لے کر تار، ٹیلیفون، ٹیلی ویژن، موبائیل اور انٹرنیٹ جیسی کئی آسانیاں حاصل ہیں ۔

دوسری عالمی جنگ کے زمانے میں ایک نئے مواصلاتی نظام کی ضرورت شدت سے محسوس کی گئی ۔ سائنس دانوں نے کمپیوٹر کے ذریعے اس نئے نظام کو کھوج ڈالا ۔ انٹرنیٹ کمپیوٹر نیٹ ورک کا ایک اہم حصہ ہے جو تمام دنیا میں مواصلاتی رشتہ قائم کرتا ہے ۔ ای ۔ میل انٹرنیٹ کی ایسی خدمت ہے جس نے ٹیلی فون سے زیادہ تیز تر رابطے کا آسان طریقہ، بہت کم خرچ پر مہیا کر دیا ہے ۔

کمپیوٹر کی انٹرنیٹ یا ای ۔ میل خدمات حاصل کرنے کیلئے تین چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے ۔ ایک موڈیم، دوسری ٹیلیفون یا موبائیل کنکشن اور تیسری انٹرنیٹ سروس مہیا کرنے والی تنظیم ۔ ای ۔ میل انٹرنیٹ خدمات کا ایک حصہ ہے جو پیغامات کو اشاروں میں تبدیل کر کے ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجتا ہے

ورلڈ وائڈ ویب :۔ ویب سائٹ ایک قسم کا کنکشن ہے جسے انٹرنیٹ سروس دینے والی تنظیم فراہم کرتی ہے ۔

فائل ٹرانسفر پروٹوکول :۔ اس کے ذریعے ویب سائٹ میں محفوظ کی جانے والی اطلاعات کو اپنے کمپیوٹر پر دیکھا جا سکتا ہے اور پرنٹر کے ذریعے اس کی نقل حاصل کی جا سکتی ہے ۔

ٹیل نٹ :۔ اس کی مدد سے کسی بھی دور دراز کے کمپیوٹر کو ہم گھر بیٹھے اپنے کمپیوٹر ہی کی طرح استعمال کر سکتے ہیں ۔

یوز نٹ :۔ یہ طریقہ اطلاعات کو بھیجنے اور منگانے کا سب سے تیز طریقہ ہے ۔

ای ۔ بینکنگ :۔ ہمارا بینک کھاتا دنیا کے کسی بھی حصے میں ہو، اسے انٹرنیٹ کے ذریعے کہیں بھی استعمال میں لایا جا سکتا ہے ۔ بینک ہر کھاتے دار کو ایک پہچان کارڈ جاری کرتا ہے ۔ اس کارڈ کو اے ۔ ٹی ۔ ایم میں ڈالنے سے کمپیوٹر ہماری پہچان کرتا ہے ۔ پہچان ہوتے ہی ہم اپنی رقم نکال سکتے ہیں ۔

ای۔ٹکٹ:۔ ہم کمپیوٹر کے ذریعے یا سائبر کیفے میں ریل، بس، اور ہوائی جہاز کی ٹکٹ بک کرا سکتے ہیں۔
ٹکٹ کی رقم ہمارے ای۔بینک اکاونٹ سے خود بخود ادا ہو جاتی ہے۔

انٹرنیٹ:۔ دنیا کی ہر معلومات انٹرنیٹ پر دستیاب ہے۔ہم اپنے کمپیوٹر پر انہیں آسانی سے پڑھ سکتے ہیں خود اپنی معلومات، اطلاعات ہم انٹرنیٹ پر ڈال سکتے ہیں تاکہ وہ تمام دنیا کو آسانی سے دستیاب ہو سکیں۔
انٹرنیٹ کے بغیر اب ہماری ترقی ممکن نہیں۔

مواصلاتی نظام	مواصلاتی نظام کی بدولت دنیا نے بہت ترقی کی ہے۔
مہیا	آج کل کے بچوں کو گھر پر عیش و عشرت کی سہولتیں مہیا ہوتی ہیں۔
تنظیم	رسوماتِ بد کا خاتمہ کرنے کے لئے نوجوانوں کی ایک تنظیم کھڑی ہو گئی ہے۔
وحدت	ہر ایک کو خدا کی وحدت پر ایمانِ کامل ہونا چاہئیے۔
دستیاب	ہمارے اسکول کی لائبریری میں ہر مضمون پر کتابیں دستیاب ہیں۔
صنعت کار	ہڑتالوں کی وجہ سے صنعت کاروں کو کافی نقصان اُٹھانا پڑتا ہے۔

جمع	واحد				
تصاویر	تصویر	معلومات	معلوم	اخبارات	اخبار
اطلاعات	اطلاع	مضامین	مضمون	اعداد	عدد
ماہرین	ماہر	آلات	آلہ	کتب	کتاب

نمبر ۱۔ وہ جدید وسائل جس کی مدد سے پیغامات ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجے جاتے ہیں مواصلاتی نظام کہلاتا ہے۔اس میں شامل قابلِ ذکر وسائل تار،ٹیلیفون، ریڈیو، موبائیل اور انٹرنیٹ ہیں۔

نمبر ۲۔ انٹرنیٹ کی خدمات حاصل کرنے کے لئے تین چیزوں کی ضرورت ہوتی ہیں۔ایک موڈیم، دوسری

ٹیلیفون یا موبائیل کنکشن اور تیسری انٹرنیٹ سروس مہیا کرنے والی تنظیم۔

نمبر۳۔ ای۔میل انٹرنیٹ خدمات کا ایک حصہ ہے جو پیغامات کو اشاروں میں تبدیل کر کے ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجتا ہے۔ای۔میل بھیجنے یا موصول کرنے کیلئے ای۔میل۔آئی۔ڈی کا ہونا نہایت ضروری ہے۔ ای۔میل کا پتا ہم اپنی مرضی سے مقرر کر سکتے ہیں۔یہ پتا عام طور پر اپنے نام کے مخفف کے ساتھ انٹرنیٹ سروس مہیا کرنے والی کمپنی کے ساتھ جوڑ کر بنایا جاتا ہے۔اپنے ای۔میل۔آئی۔ڈی کے بعد مطلوبہ پتا لکھ کر بٹن دبایا جاتا ہے اور اس طرح ای۔میل بھیجا جاتا ہے۔

نمبر۴۔ موڈیم ایک آلہ ہے جو کمپنی کے اعداد و شمار اور عبارتوں کو ایک خاص قسم کے اشاروں میں تبدیل کر دیتا ہے۔یہ اشارے ٹیلی فون یا موبائیل لائن کے ذریعے دنیا کے کسی بھی حصے میں بھیجے جا سکتے ہیں۔انہیں حاصل کرنے والا موڈیم اشاروں کو دوبارہ اعداد و شمار اور عبارت میں تبدیل کر دیتا ہے۔اس طرح ہم آنے والے پیغامات کو اپنے کمپیوٹر یا موبائیل کے پردے پر پڑھ سکتے ہیں۔

نمبر۵۔ آج کل جگہ جگہ اے۔ٹی۔ایم مشین کو دیکھا جا سکتا ہے۔یہ مشین انٹرنیٹ کے ذریعے کام کرتی ہے۔ ہمارا بینک کھاتا دنیا کے کسی بھی حصے میں ہو،اسے انٹرنیٹ کے ذریعے کہیں بھی استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔کھاتے دار کو رقم نکالنے کے لئے بس بٹن دبانا ہوتا ہے اور اے۔ٹی۔ایم سے رقم اس کے ہاتھوں میں آجاتی ہے۔

نمبر۶۔ ریل،بس یا جہاز کے لئے انٹرنیٹ کے ذریعے آن لائن ٹکٹوں کی خریداری کرنا ای۔ٹکٹ کہلاتا ہے۔ دراصل رسل و رسائل کی کمپنیاں انٹرنیٹ سے جُڑی ہوتی ہیں۔وہ اپنے صارفین کی سہولیت کیلئے ٹکٹوں کی خریداری انٹرنیٹ پر مہیا رکھتے ہیں۔

نمبر۷۔ انٹرنیٹ معلومات کا خزانہ ہے۔طلباء و طالبات آسانی کے ساتھ اپنی پسند اور ضرورت کے مطابق مطالعہ کر سکتے ہیں۔دنیا کی بڑی بڑی لائبریریاں اپنی کتابیں انٹرنیٹ پر فراہم کرتی ہیں۔جس کا سب سے زیادہ فائدہ طلباء کو پہنچتا ہے۔وہ اپنے مضامین سے متعلق سارا مواد گھر بیٹھے حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ حالاتِ حاضرہ اور دنیا بھر کے اخبارات دیکھ اور پڑھ سکتے ہیں۔